BIPL Securities

BIPL Securities Limited
(formerly KASB Securities Ltd.)

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ BIPL سیکورٹیز لمیٹڈ (سابقہ KASB سیکورٹیز لمیٹڈ (دی کمپنی) کے ممبرز کا 17 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر 20 مارچ 2017 صبح 09.00 بجے، درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینو، کلفٹن کراچی میں منعقد ہوگا۔

عمومی امور

۱۔ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 30 اپریل 2016 کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

۲۔ غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 20 جنوری 2017 کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

۳۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2016 اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور ان پر غور کرنا۔

۴۔ سال مختتمہ 31 دسمبر 2017 کے لئے RSM اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا بطور کمپنی کے آڈیٹرز تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

۵۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی اور امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
کاشف شہزاد
کمپنی سیکریٹری

کراچی، مورخہ 27 فروری 2017

نوٹس:

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 13 مارچ 2017 تا 20 مارچ 2017 (بشمول دونوں ایام) شیئر ہولڈرز کے استحقاق برائے شرکت سالانہ اجلاس عام کے تعین کیلئے بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40۔ بلاک 6 پی۔ ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس، کراچی- 75400، پاکستان میں 12 مارچ 2017 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے شیئرز سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے حقدار تصور کئے جائیں گے۔

۲۔ کمپنی کا کوئی ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کی دستاویزات، آرٹیکل آف دی ایسوسی ایشن آف دی کمپنی کے مطابق، اجلاس کے شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو موصول ہو جائے۔

۳۔ کارپوریٹ حصص یافتہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ فرد کے نمونہ کے دستخط شرکت وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر پہلے سے نہ پیش کئے گئے ہوں)۔

۴۔ فزیکل حصص رکھنے والے اور وہ حصص جو سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس رجسٹرڈ ہیں کے اصل مالکان اور / یا ان کے پراکسیز کو اجلاس میں شرکت کے لیے اپنی شناخت کروانے کے لیے اپنا اصلی قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔ پراکسی فارم کو کمپنی میں لازمی طور پر شق 2 میں درج وقت پر جمع کروانا ہوگا اور پراکسی فارم پر باضابطہ طور پر دستخط شدہ بمعہ دو گواہوں کے نام، پتہ اور سی این آئی سی کے نمبر کا اندراج پراکسی فارم میں ہونا چاہیے اور اس کے ساتھ اصل اور پراکسی کی تصدیق شدہ شناختی کارڈ (ز) یا پاسپورٹ (س) کی نقل (یا نقول) جمع کرانا ہونگی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمعہ نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) کے ساتھ پراکسی (ز) فارم (ز) کے جمع کیا جائے گا۔

۵۔ سی ڈی سی کا اکاونٹ رکھنے والوں کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری 2000 کے جاری کردہ مراسلہ نمبر 1 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

٦۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو دیں۔

۷۔ نوٹس برائے حصص یافتگان جنہوں نے سی این آئی سی فراہم نہیں کیا

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں، رجسٹرڈ حصص یافتگان یا ان کے مجاز شخص / اشخاص کا سی این آئی سی نمبر ز ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ کے حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ وارنٹس پر اور ایس ای سی پی میں سالانہ رٹرن جمع کرواتے وقت ظاہر کرنا ہوگا۔ اس لیے وہ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی کی نقل / نقول فراہم نہیں کی ہیں ان کو ہدایت دی جاتی ہے کہ پہلی فرصت میں اپنے سی این آئی سی کی تصدیق شدہ نقل / نقول ہمارے شیئر رجسٹرار کو براہِ راست ان کے اوپر درج پتے پر فراہم کر دیں جو نوٹ نمبر 1 میں درج ہے۔

۸۔ فنانشل اسٹیٹمنٹ کا اجراء: کمپنی نے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2016 مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.biplsec.com پر جاری کردی ہیں۔

۹۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولیت کیلئے رضامندی: ممبران کی کل تعداد کے 10% یا زیادہ افراد جو کراچی سے باہر کے مقامات پر رہائش پذیر ہیں، کمپنی کے سیکرٹری کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم دس دن پہلے درخواست دے کر ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ کمپنی متعلقہ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت اسی صورت میں فراہم کر سکتی ہے جب وہاں یہ سہولت موجود ہو۔ کمپنی ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کے مقام اور اس کی رسائی کیلئے تمام ضروری معلومات کے بارے میں اجلاس کے انعقاد سے پانچ روز قبل مطلع کرے گی۔

25cmx4col